84357 ـ حصص قرض پر لینے کا حکم

سوال

مجھے مال کی ضرورت تھی تو میں نے اپنے ایك دوست سے قرض مانگا تو وہ کہنے لگا: میرے پاس مال تو نہیں، لیکن سمینٹ کمپنی میں میرے پانچ حصص ہیں، میں وہ تجھے قرض دے سکتا ہوں، مجھے اسی کمپنی میں پانچ حصص واپس کر دینا، میں وہ حصص لے کر انہیں فروخت کر کے اپنی ضرورت پوری کرونگا، اور پھر اس کے بعد حصص مارکیٹ سے اسی کمپنی کے اتنے ہی حصص خرید کر اسے واپس کردونگا، کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس میں کوئی مانع ظاہر تو نہیں ہوتا، جبکہ وہ اسی کمپنی کے اتنے ہی حصص واپس کریگا، اور ان حصص کے قیمت کے اتار چڑھاؤ کا قرض پر کچھ اثر نہیں ہوتا.

الشیخ عبد الرحمن البراك

لیکن شرط یہ ہے کہ وہ حصص کسی نقدی کمپنی کے نہ ہوں، مثلا اسلامی بنکوں کے حصص، کیونکہ غالب طور پر ان میں چلنے والی نقدی ہوتی ہے.

واللہ اعلم .